2022

Question Paper

JKBOSE

aglasem.com

B–1–X

Roll No. ....

Total No. of Questions : **16**]

[Total No. of Printed Pages : **15**

10thSZJDAR22

6201–X

URDU

Time : 2.30 Hours]

[Maximum Marks : 80

aglasem.com

حصہ " الف "

(قرأت)

۱۔ درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھئے اور اس کے آخر پر دی گئی خالی جگہوں کو اسی سے چُن کر مناسب الفاظ سے پُر کیجئے۔ ۵x۱=۵

عادتوں کا برا یا اچھا ہونا آدمی کے ماحول پر منحصر ہے۔ عادتیں بچہ گھر سے ہی سیکھتا ہے۔ گھر میں ماں باپ بہن بھائی ہوتے ہیں۔ بچہ

docs.aglasem.com
aglasem.com

ان کی نقل کرتا ہے کیونکہ فطری طور پر بچہ نقال ہوتا ہے وہ جو کچھ دیکھتا ہے وہی کرتا ہے۔ خاص کر ماں بچے کی عادتیں بنانے یا بگاڑنے کی ذمہ دار ہے۔ بچہ اپنا بہت سا وقت گھر پر ہی صرف کرتا ہے اور ماں کے پاس ہی رہتا ہے اور اس سے بہت کچھ سیکھتا ہے۔

(i) برا یا اچھا ہونا آدمی کے .... پر منحصر ہے۔

(ii) عادتیں بچہ .... سے سیکھتا ہے۔

(iii) فطری طور سے بچہ .... ہوتا ہے۔

(iv) خاص کر ماں بچے کی عادتیں بنانے یا .... کی ذمہ دار ہے۔

(v) بچہ اپنا بہت سا وقت گھر پر ہی .... کرتا ہے۔

۲۔ درج ذیل شعری جز کو پڑھنے کے بعد آخر پر پوچھے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب چن لیجئے۔ ۵x۱=۵

ایک آقا تھا ہمیشہ نوکروں پر سخت گیر

درگزر تھی اور نہ ساتھ ان کے رعایت تھی کہیں

بے سزا کوئی خطا ہوتی نہ تھی ان کی معاف

aglasem.com

docs.aglasem.com

کام سے مہلت کبھی ملتی نہ تھی ان کے تئیں

حسن خدمت پر اضافہ یا صلہ تو درکنار

(i) یہ شعری جُز کس قطعہ سے لیا گیا ہے؟

(الف) سنگ دل۔

(ب) ظالم۔

(ج) مغرور۔

(د) نوکروں پر سخت گیری کرنے کا انجام۔

(ii) اس قطعہ کا شاعر کون ہے؟

(الف) اقبال۔

(ب) نظیر اکبرآبادی۔

(ج) رسا جاودانی۔

(د) حالی۔

docs.aglasem.com

aglasem.com

aglasem.com

https://www.jkboseonline.com

(iii) آقا نوکروں کے ساتھ کیسا رویہ رکھتا تھا؟

(الف) نرم۔

(ب) ملائم۔

(ج) سخت گیر۔

(د) محبت بھرا۔

(iv) خطا کرنے پر نوکروں کو کیا ملتا تھا؟

(الف) معافی۔

(ب) جرمانہ۔

(ج) نوکری سے بے دخلی۔

(د) سزا۔

docs.aglasem.com

aglasem.com

(v) کس وجہ سے نوکروں کو مہلت نہیں ملتی تھی ؟

(الف) کام سے۔

(ب) حسنِ خدمت سے۔

(ج) محنت سے۔

(د) دوڑ دھوپ سے۔

۳۔ درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر پر دیئے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔ ۵×۱=۵

اخبارات علم حاصل کرنے کا ایک بہت بڑا ذریعہ ہے۔ بلکہ بعض صورتوں میں تو ان کا مطالعہ کتب کے مطالعہ سے بھی زیادہ ضروری ہے کیوں کہ ان کے ذریعہ سے موجودہ زمانے کی تاریخ کا علم ہوتا ہے جو ہر ایک شہری کے لئے از بس ضروری ہے۔ اخبارات کے

docs.aglasem.com
aglasem.com

ذریعے ہی ملک کے تمام آئین و قوانین کی اشاعت ہوتی ہے۔ غیر ممالک کی بڑی بڑی مفید معلومات ، ایجادات اور اقتصادی ترقی اخبارات کے مطالعہ سے معلوم ہوتی ہیں۔ ہر قسم کی اخلاقی ، علمی ، مذہبی اور اقتصادی ترقی کے لئے اخبارات کا مطالعہ۔ ازبس ضروری ہے۔ (ہر شخص کو روز اخبارات کا مطالعہ کرنا۔)

(i) علم حاصل کرنے کا بڑا ذریعہ کیا ہے؟

(ii) تاریخ کا علم جاننے کے لئے کیا کرنا چاہیئے؟

(iii) اخبارات کے ذریعے ملک کے کن چیزوں کی اشاعت ہوتی ہے؟

(iv) غیر ممالک کی کون سی خبریں اخبارات کے ذریعے حاصل ہوتی ہیں؟

(v) ہر شخص کو کیا کرنا چاہیئے؟

docs.aglasem.com

aglasem.com

حصہ "ب"

۴۔ (الف) درج ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔ ۳

(i) غربت۔

(ii) عمارت۔

(iii) شراب۔

(ب) درج ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہو جائے۔ ۲

(i) اوراق۔

(ii) تصویر۔

aglasem.com

docs.aglasem.com

۵۔ درج ذیل حروف کی تعریف کیجئے اور مثالیں دیجئے۔ ۵

(i) حروف تاکید۔

(ii) حروف انبساط۔

۶۔ ہدایات کے مطابق جواب لکھئے۔ ۵×۱=۵

(الف) ''رشید چالاک نکلا''

اس جملے میں ''چالاک'' کیا ہے؟

(i) فاعل۔

(ii) صفت۔

(iii) مفعول۔

(iv) فعل۔

docs.aglasem.com

aglasem.com

(ب) ''چادر بوسیدہ ہوگئی''

اس جملے میں ''بوسیدہ'' کیا ہے؟

(i) فعل۔

(ii) فاعل۔

(iii) مفعول۔

(iv) صفت۔

(ج) ''لکڑ ہارا لکڑی کاٹتا ہے''

اس جملے میں لفظ ''لکڑ ہارا'' کیا ہے؟

(i) صفت۔

(ii) فعل۔

(iii) مفعول۔

(iv) فاعل۔

aglasem.com
docs.aglasem.com

(و) ''اشرف کھانا کھاتا ہے''

اس جملے میں لفظ ''کھانا'' کیا ہے؟

(i) فاعل۔

(ii) فعل۔

(iii) مفعول۔

(iv) صفت۔

(ہ) ''کوا کالا ہے''

اس جملے میں لفظ ''کالا'' کیا ہے؟

(i) مفعول۔

(ii) صفت۔

(iii) ضمیر۔

(iv) فاعل۔

docs.aglasem.com

aglasem.com

۷۔ درج ذیل محاورات میں سے صرف دو کے جملے بنایئے۔ ۲

(i) اُلو سیدھا کرنا۔

(ii) آج کل کرنا۔

(iii) تارے گننا۔

۸۔ کسی ایک جملے کی ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام بھی لکھئے۔ ۴

(i) اکبر بیمار ہے۔

(ii) مجید نے رشید کو مارا۔

حصہ " ج "

(ادب)

۹۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف پر نوٹ لکھئے۔ ۵

(i) افسانہ۔

docs.aglasem.com

aglasem.com

(ii) ڈراما۔

(iii) غزل۔

(iv) مرثیہ۔

۱۰۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔ ۵

(i) خوشامد۔

(ii) اورمزاج دارلُٹ گئی۔

(iii) عبرت۔

۱۱۔ درج ذیل اشعار میں سے صرف تین اشعار کی تشریح اور شاعر کا حوالہ بھی دیجئے۔ ۳x۲=۶

(i) ہمارے آگے تیرا جب کسو نے نام لیا

دل ستم زدہ کو ہم نے تھام تھام لیا

docs.aglasem.com
aglasem.com

(ii) کل پاؤں ایک کاسہ سر پر جو آ گیا

یکسر وہ استخواں شکستوں سے چُور تھا

(iii) نہ گورِ سکندر نہ ہے قبر دارا

مٹے نامیوں کے نشاں کیسے کیسے

(iv) موت کا ایک دن معین ہے

نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

(v) ہوں اس کوچہ کے ہر ذرہ سے واقف

اِدھر سے مدتوں آیا گیا ہوں

(vi) ایسا نہیں کہ سر پہ سدا آسمان تھا

میرا بھی شہر میں کبھی کوئی مکان تھا

docs.aglasem.com

aglasem.com

۱۲۔ صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ ۵

(i) شہزادے کے چچا کو بجائے ابو جہل کیوں کہا گیا؟

(ii) پنڈت چندر دھر اپنے پیشے سے بے زار کیوں تھے؟

(iii) لڑکے کے لئے گڑیا خریدنا کیوں ضروری تھا؟

(iv) قومی اتحاد کے بارے میں حالی کا کیا خیال تھا؟

۱۳۔ صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ ۵

(i) درسی کتاب میں شامل نعت کس شاعر نے لکھی ہے اور اس نعت کا عنوان کیا ہے؟

(ii) نظم مفلسی کی روشنی میں بتایئے مفلسی انسان کو کس کس طرح ستاتی ہے؟

(iii) حضرت امام حسینؑ نے یزیدوں سے کیا سوال کیا ہے؟

(iv) رام چندر جی کو دیکھ کر اس کی ماں کیوں رونے لگی؟

docs.aglasem.com

aglasem.com

۱۴۔ کسی ایک ادیب یا شاعر کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے۔ ۴

(i) پریم چند۔

(ii) سرسید احمد خاں۔

(iii) میر تقی میر۔

(iv) غالب۔

حصہ "د"

۱۵۔ اپنے دوست کو امتحان میں کامیاب ہونے پر مبارک بادی کا خط لکھئے۔ ۶

(یا)

اپنے اسکول کے سربراہ کے نام اسکول ایکسکرشن پر جانے کی اجازت طلب کرنے کے لئے درخواست لکھئے۔

۱۶۔ دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر دوسو (۲۰۰) الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ ۸

(i) علم کے فوائد۔

(ii) جنگلات کے فوائد۔

(iii) سائنس اور ہماری زندگی۔

docs.aglasem.com
aglasem.com